520

آیات نمبر 11 تا 18 میں تنبیہ کہ دنیا میں جو بھی مصیبت آتی ہے وہ اللہ ہی کے اذن سے آتی
ہے، سو اہل ایمان کے لئے یہ مناسب نہیں کہ مصیبتوں سے ڈر کر اللہ اور اس کے رسول
(صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) کی اطاعت سے منہ موڑ لیں۔ رسول اللہ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) کا کام اللہ کا پیغام پہنچا دینا تھا، اب
تمہاری ذمہ داری ہے۔ مسلمانوں کو تنبیہ کہ بسا اوقات انسان کے بیوی بچے اس کے لئے فتنہ
بن جاتے ہیں سو احتیاط سے کام لیں لیکن ان سے عفو و درگزر کا معاملہ کریں۔ اللہ اور رسول
اللہ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) کی اطاعت اور اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرنے کی ہدایت۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ یُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ یَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ
بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۱﴾ کوئی بھی مصیبت اللہ کے حکم کے بغیر نہیں آتی، سو جو شخص اللہ پر
ایمان ویقین رکھتا ہے تو وہ اس کے دل کو ہدایت ورہنمائی عطا فرما دیتا ہے اور اللہ ہر چیز کو
خوب جانتا ہے وہ فوراً اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے، اپنی غلطیوں پر معافی کا طلبگار ہوتا ہے اور اللہ
اسے مصیبت سے نجات کا راستہ اور اس پر صبر کی توفیق عطا کر دیتا ہے وَ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ
اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۲﴾
اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت و فرمانبرداری کرو، اور اگر تم روگردانی کرو گے تو
جان لو کہ ہمارے رسول کے ذمہ تو صرف واضح طور پر ہمارے احکام کو تم تک پہنچا دینا
ہے اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَ عَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾ اللہ کے سوا
کوئی معبود نہیں، سو ایمان والوں کو صرف اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہئے۔ یٰۤاَیُّهَا
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ
فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَ اِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا وَ تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اے ایمان والو! تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض لوگ
تمہارے لئے دشمن ہیں سو ان سے محتاط رہو اور اگر تم عفوودرگزر سے کام لو اور انہیں
معاف کر دو تو یقیناً اللہ بہت بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے اِنَّمَآ
اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ تمہارا مال اور
تمہاری اولاد تو تمہارے لئے ایک آزمائش ہیں اور یاد رکھو کہ اللہ کے پاس بہت بڑا اجر
ہے، لیکن آزمائش میں کامیابی شرط ہے فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَ اسْمَعُوْا وَ
اَطِيْعُوْا وَ اَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ لٰہذا تم سے جس قدر ہو سکے اللہ سے
ڈرتے رہو اور اس کا حکم سنو اور اطاعت کرو اور اپنے مال میں سے اللہ کی راہ میں خرچ
کرتے رہو، یہ تمہارے ہی لیے بہتر ہے وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اور جس شخص کو اپنے نفس کی حرص سے بچا لیا گیا تو ایسے ہی لوگ
فلاح پانے والے ہیں اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَ يَغْفِرْ
لَكُمْ ؕ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو تو وہ تمہیں کئی گنا بڑھا کر اس کا اجر عطا فرمائے گا اور
تمہارے گناہ بھی معاف فرما دے گا، کہ اخلاص اور خوش دلی سے اللہ کی راہ میں خرچ کرنا
ایسا ہی ہے کہ اللہ کو قرض حسنہ دیا وَ اللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ
الشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ اللہ بڑا ہی قدردان اور بڑے تحمل والا ہے، وہ ہر
پوشیدہ اور ظاہر چیز کا جاننے والا، بہت ہی زبردست اور بڑی حکمت والا ہے رکوع [۲]

[# 520]

Verses 11 to 13 contain a warning that any calamity that befalls in this world comes only by Allah's permission. The responsibility of the Messenger [peace be upon him] was only to convey Allah's message; now it is up to you to act upon it. Believers are also warned that sometimes a person's wife and children may become a trial for him, so one must act wisely and deal with them with forgiveness and patience. The believers are instructed to obey Allah and His Messenger [peace be upon him], and to spend their wealth in the path of Allah.

مَاۤ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ
يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

No calamity befalls [anyone] except by the permission of Allah. And whoever believes in Allah, He guides his heart. And Allah is all-Knowing of all things.

وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا
عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾

And you shall obey Allah, and you shall obey His Messenger. And if you turn away, then know that [the duty] upon Our Messenger is only to clearly convey [Our message] to you.

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾

Allah! There is no God except Him; and in Allah [alone] the believers should place their trust.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ
عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا
فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾

O you who believe! Indeed, among your spouses and your children are those who are enemies to you, so beware of them. But if you pardon, and excuse and forgive, then [know that] surely Allah is Most Forgiving, Most Merciful.

اِنَّمَاۤ اَمۡوَالُكُمۡ وَ اَوۡلَادُكُمۡ فِتۡنَةٌ ؕ وَ اللّٰهُ عِنۡدَهٗۤ اَجۡرٌ
عَظِيۡمٌ ﴿۱۵﴾

Indeed, your wealth and your children are but a trial [and a cause of temptation] for you. And Allah has with Him a great reward.

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسۡتَطَعۡتُمۡ وَ اسۡمَعُوۡا وَ اَطِيۡعُوۡا وَ اَنۡفِقُوۡا
خَيۡرًا لِّاَنۡفُسِكُمۡ ؕ

So, fear Allah as much as you can, and listen and obey [His commandments]. And spend in the cause of Allah—for the good of your own souls.

وَمَنۡ يُّوۡقَ شُحَّ نَفۡسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۶﴾

And whoever is protected from the greed of his own soul—then it is those who will be the [truly] successful.

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

If you lend to Allah a goodly loan [by your charitable offerings], He will multiply [its reward] for you many times over. Moreover, He will forgive your sins.

وَ اللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿١٧﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾ رکوع[٢]

Allah is Most Appreciative and Most Forbearing. He is All-Knowing of the [realms of] unseen and the seen, Almighty, the All-Wise.